کینیڈا کے وزیرِ خارجہ کی وزیرِ اعظم سے ملاقات (اکتوبر 14، 2026)

کینیڈا کی وزیرِ خارجہ محترمہ انیتا آنند نے آج وزیرِ اعظم جناب نریندر مودی سے ملاقات کی.

ملاقات کے دوران وزیرِ اعظم نریندر مودی اور وزیرِ خارجہ انیتا آنند نے دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے اور باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے کے لیے جاری کوششوں پر تبادلۂ خیال کیا۔ ان شعبوں میں تجارت، سائنس و ٹیکنالوجی، دفاع، سلامتی، توانائی، تعلیم، عوامی سطح پر باہمی روابط اور کثیرالجہتی تعاون شامل ہیں.

وزیرِ اعظم نے دوطرفہ روابط میں پیش رفت کے تسلسل کو برقرار رکھنے اور انہیں ٹھوس نتائج میں تبدیل کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ اس سلسلے میں جامع اقتصادی شراکت داری معاہدے (CEPA) پر مذاکرات کو جلد از جلد حتمی شکل دینا بھی شامل ہے.

انہوں نے باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی امور پر بھی تبادلۂ خیال کیا.

وزیرِ اعظم نے کینیڈا کے وزیرِ اعظم مارک کارنی کو پُرخلوص نیک خواہشات پیش کیں اور کہا کہ وہ ان کے ساتھ آئندہ بھی روابط جاری رکھنے کے خواہاں ہیں.

نئی دہلی
اکتوبر 14، 2026